# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: اعلیٰ حضرت امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اتنی تجوید (سیکھنا) کہ ہر حرف دوسرے حرف سے ممتاز ہو۔۔۔ہے۔

(الف) فرضِ کفایہ (ب) فرضِ عین (ج) واجب (د) مستحب

سوال نمبر 2: جس شخص نے قرآن مجید کا ایک حرف پڑھا اس کے لئے۔۔۔ نیکیاں ہیں۔

(الف) دو (ب) سو (ج) سات سو (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: حضرت سیدنا ابو عبدالرحمٰن سلمی رضی اللہ عنہ مسجد میں قرآن پڑھایا کرتے تھے اور فرماتے مجھے اس حدیث۔۔۔ نے یہاں بٹھا رکھا ہے۔

(الف) افضل العبادۃ قراءۃ القرآن (ب) من قرء من القرآن حرفا فله عشر حسنات

(ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: ضمہ اشباعی۔۔۔ کو کہتے ہیں۔

(الف) الٹے پیش (ب) کھڑے زبر (ج) کھڑے زیر (د) دو پیش

سوال نمبر 5: قرآن مجید کو۔۔۔ سے پڑھنا امر مستحسن ہے۔

(الف) بلند آواز سے (ب) آہستہ آواز سے (ج) خوش آوازی سے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: اثبات کا معنی ہے۔

(الف) حرف کو ختم کرنا (ب) حرف کو باقی رکھنا (ج) حرف کو بدلنا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: مسواک حروف کی صاف ادائیگی میں اور۔۔۔ کی پاکیزگی میں بہت مفید ہے۔

(الف) جسم (ب) منہ (ج) گلے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: مخارج کی تعداد۔۔۔ ہے۔

(الف) 5 (ب) 10 (ج) 15 (د) 17

سوال نمبر 9: حروف طرفیہ یا ذلقیہ وہ حروف ہیں جو۔۔۔ سے ادا ہوتے ہیں۔

(الف) تالو کے پچھلے حصے (ب) زبان کے کنارے (ج) تالو کے اگلے حصے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: اصل لسان۔۔۔ ہے۔

(الف) زبان کا بغلی کنارہ (ب) زبان کی نوک (ج) زبان کا درمیانی حصہ (د) زبان کی جڑ

سوال نمبر 11: متجانسین: ایسے دو حروف۔۔۔

(الف) جو مخرج اور صفات میں متحد ہوں (ب) جن کا مخرج ایک ہو

(ج) جو مخرج اور صفات کے اعتبار سے قریب ہوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: جن حروف سے پہلے لام تعریف پڑھا جائے انہیں حروف۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) شمسیہ (ب) قمریہ (ج) ذلقیہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر13: آپ ﷺ کی ولادت کی برکت سے۔۔۔کا عالیشان محل پھٹ گیا۔

(الف) نوشیر واں (ب) قیصر (ج) فرعون (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ: اللہ تعالی نے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد کنانہ میں سے۔۔۔ کو چُنا۔

(الف) بنو امیہ (ب) بنو نوفل (ج) قریش (د) بنو تمیم

سوال نمبر15: حضور ﷺ کے رضاعی بھائی حضرت۔۔۔ ہیں۔

(الف) زید بن حارثہ (ب) عبداللہ بن حارث (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر16: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کی۔۔۔ بیٹیاں تھیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: حضور ﷺ کا پہلا شق صدر قبیلہ۔۔۔ میں ہوا۔

(الف) اوس (ب) خزرج (ج) ہمدان (د) بنو سعد

سوال نمبر18: جب آپ ﷺ کی عمر مبارک۔۔۔ سال کی ہوئی تو مکہ کی فضاؤں میں آپ کے القاب " صادق وامین " گونجنے لگے۔

(الف) 15 (ب) 18 (ج) 20 (د) 25

سوال نمبر19: حضور ﷺ نے اپنی عمر مبارک کے ابتدائی حصے میں کون سا کلام فرمایا؟

(الف) اللّٰہُ اکبرُ (ب) اللّٰہُ اکبرُ کبیراً

(ج) اللّٰہُ اکبرُ کبیراً والحمدللّٰہ (د) اللّٰہُ اکبرُ کبیراً والحمدللّٰہ کثیراً

سوال نمبر20: اہلِ مکّہ حضرت خدیجہ کو۔۔۔ کے لقب سے یاد کرتے تھے۔

(الف) طاہرہ (ب) عافیہ (ج) محصنہ (د) مبارکہ

سوال نمبر21: ملک شام کے راہب نے حضور ﷺ کے چہرۂ مبارک کی کس چیز کی علامت معلوم کرکے کہا کہ یہ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ﷺ ہیں؟

(الف) پیشانی مبارک (ب) لب مبارک (ج) رخسار مبارک (د) آنکھوں کی سرخی

سوال نمبر22: حبشہ کا بادشاہ نجاشی۔۔۔ دین پر تھا۔

(الف) یہودی (ب) عیسائی (ج) بدھ مت (د) مجوسی

سوال نمبر23: اعلان نبوّت کے پانچویں سال گیارہ مرد اور چار عورتوں کے ایک قافلے نے حبشہ کی طرف ہجرت کی اسے۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) عقبۂ اولی (ب) ہجرت انصار (ج) ہجرت اولی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24: حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا کی بکریاں حضور علیہ السلام کی برکت سے۔۔۔ ہو گئیں۔

(الف) 300 (ب) 500 (ج) 700 (د) 900

سوال نمبر25: حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا کا حضور ﷺ کو دودھ پلانے کا معاہدہ۔۔۔ کا تھا۔

(الف) چھ ماہ (ب) ایک سال (ج) ڈیڑھ سال (د) دو سال

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **عامہ سال اول** پرچہ: **پہلا** مضمون: **التجوید+السیرۃ النبویۃ**<br>تاریخ: **01-02-2025** دن: ہفتہ کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** | رول نمبر: ____________<br>جوابی کاپی نمبر: ____________ |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: حلقی مخارج کتنے ہیں؟ صرف نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: حروفِ مھموسہ کا مجموعہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: ج، ش، ی کا مخرج بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: صفات لازمہ متضادہ میں سے کسی 3 کے نام ان کی ضد کے نام کے ساتھ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: استطالت کا لغوی اور اصطلاحی معنٰی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: اقصائے حافہ لسان کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 7: ادنائے حافہ لسان کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 8: حروف لھویہ کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: حروف نطعیہ کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: خیشوم کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 11: کفار نے جب بنو ہاشم کا مکمل بائیکاٹ کیا تو بنو ہاشم شعب ابی طالب میں کتنا عرصہ محصور رہے؟

سوال نمبر 12: حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کے علاوہ حضور ﷺ کی ساری اولاد حضور ﷺ کی کون سی زوجہ محترمہ سے ہوئی؟

سوال نمبر 13: سفر طائف میں جب شریر لوگ حضور ﷺ کو پتھر مارتے تو کون سے صحابی حضور علیہ السلام کے سامنے آجاتے تھے؟

سوال نمبر 14: بیعت عقبۂ اولیٰ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 15: بیعت عقبۂ اولیٰ میں جو لوگ ایمان لائے ان کو اسلام کے احکام سکھانے کے لیے معلّم بنا کر مدینہ منورہ کس صحابی کو بھیجا گیا؟

سوال نمبر 16: مسجد نبوی ﷺ کی قیمت حضور ﷺ نے کس صحابی رضی اللہ عنہ کے مال سے ادا فرمائی؟

سوال نمبر 17: حضور ﷺ نے مدینے میں مہاجرین وانصار کے درمیان کون سا رشتہ قائم کیا؟

سوال نمبر 18: غزوۂ بدر کا واقعہ کس تاریخ کو پیش آیا؟

سوال نمبر 19: غزوہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 20: کفار جنگ احد کی تیاری کر رہے ہیں، یہ خبر حضور ﷺ کو کس نے دی؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: تلاوت کا آغاز ابتدائے سورت سے ہو تو "اعوذ باللہ" اور "بسم اللہ" کے وصل اور فصل کے لحاظ سے چار صورتیں بنتی ہیں ان میں سے "وصل اول فصل ثانی" اور "فصل اول وصل ثانی" کسے کہتے ہیں؟ مثال کے ساتھ تحریر کیجئے۔ (5+5=10)

سوال نمبر 2: مخارج محققہ اور مخارج مقدرہ کی تعریف تحریر کیجئے۔ (5+5=10)

سوال نمبر 3: منافقین نے حضور ﷺ کی کس زوجہ محترمہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا پر بہتان لگایا؟ نیز بتائیے کہ ان کا بہتان جھوٹا ہے یہ کیسے ثابت ہوا؟ (5+5=10)

سوال نمبر 4: جنگ بدر کے قیدیوں میں جو کفار درہم کا فدیہ نہیں دے سکے تو انہیں کس چیز کے عوض آزاد کیا گیا؟ نیز بتائیے کہ جنگ بدر میں کس منافق نے بہانے سے اپنے 300 لوگ اسلامی لشکر سے الگ کر لیے؟ (5+5=10)

سوال نمبر 5: غزوۂ خندق میں کفار کی تعداد کتنی تھی؟ اور خندق کھودنے کا مشورہ کس نے دیا تھا؟ (5+5=10)

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: ۔۔۔ دنیا و آخرت میں بربادی کا سبب ہے۔

(الف) ناپ تول میں کمی کرنا　　(ب) وعدہ پورا نہ کرنا

(ج) جھوٹ بولنا اور تکبر سے اکڑ کر چلنا　　(د) الف، ب، ج تینوں

سوال نمبر 2: ہم پر ۔۔۔ کے حقوق ادا کرنا لازم ہیں۔

(الف) رشتے داروں　　(ب) مسکینوں　　(ج) مسافروں　　(د) الف، ب، ج تینوں

سوال نمبر 3: حضور ﷺ کے معجزہ معراج کا ۔۔۔ سے ۔۔۔ تک کا سفر قرآن مجید سے ثابت ہے۔

(الف) مسجد حرام، مسجد اقصیٰ　　(ب) مسجد حرام، آسمانوں　　(ج) مسجد حرام، عرش　　(د) مسجد حرام، سدرۃ المنتہیٰ

سوال نمبر 4: حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد کو ۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) بنی اسماعیل　　(ب) بنی اسحاق　　(ج) الف اور ب دونوں　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: ۔۔۔ انسان کا کھلا دشمن ہے۔

(الف) انسان　　(ب) جنّ　　(ج) شیطان　　(د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر 6: حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا "جو شخص ۔۔۔ کے دن سورۂ کہف پڑھے گا تو آئندہ ۔۔۔ تک اس کے لیے نور کی روشنی رہے گی۔

(الف) پیر، پیر　　(ب) بدھ، بدھ　　(ج) جمعرات، جمعرات　　(د) جمعہ، جمعہ

سوال نمبر 7: ایمان والوں کو جنت میں سونے کے ۔۔۔ اور سبز رنگ کے ۔۔۔ پہنائے جائیں گے۔

(الف) ہار، ریشمی لباس　　(ب) کنگن، اونی لباس　　(ج) کنگن، ریشمی لباس　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: جہنمیوں کو پیاس کی شدت میں پگھلے ہوئے تانبے کی طرح کا پانی پلایا جائے گا جو ان کے ۔۔۔ کو جلا دے گا۔

(الف) منہ　　(ب) ہاتھ　　(ج) الف اور ب دونوں　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: کہف کا معنی ۔۔۔ ہے۔

(الف) پہاڑ　　(ب) غار　　(ج) پہاڑی غار　　(د) آسمان

سوال نمبر 10: حضرت ۔۔۔ علیہ السلام نے ۔۔۔ کی دیوار کو درست کیا۔

(الف) موسی، کشتی والے　　(ب) ہارون، غریب　　(ج) خضر، یتیم بچوں　　(د) لوط، بستی

سوال نمبر 11: مال اور اولاد اگرچہ دنیا کی ۔۔۔ ہیں مگر یہ دونوں آخرت کی تیاری کے لئے بھی ۔۔۔ ہیں۔

(الف) زینت، آزمائش　　(ب) آزمائش، زینت　　(ج) زینت، مفید　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: نیک اعمال کی قبولیت کے لئے ۔۔۔ ضروری ہے۔

(الف) فقط اخلاص　　(ب) ایمان　　(ج) فقط نیت　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر13: دعامیں اپنی حاجت عرض کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی/کے۔۔۔کا ذکر کرنا چاہیے۔

(الف) نعمت (ب) رحمت (ج) لطف و کرم (د) الف، ب اور ج تینوں

سوال نمبر14: سورۂ کہف میں دنیاوی زندگی کو۔۔۔کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔

(الف) برائی (ب) آزمائش (ج) آسمان کے پانی (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر15: ۔۔۔اپنے لشکر کے ساتھ دریا میں غرق ہوا۔

(الف) فرعون (ب) نمرود (ج) سامری (د) قارون

سوال نمبر16: جو شخص دنیا و آخرت میں ظاہری و باطنی سلامتی چاہتا ہے وہ۔۔۔سے دور رہے۔

(الف) دوستوں (ب) فضول کاموں (ج) فضول گوئی (د) برے ساتھیوں

سوال نمبر17: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جھولے میں۔۔۔بیان فرمائی۔

(الف) اپنی والدہ کی پاکدامنی (ب) اپنی نبوّت کا اعلان فرمایا (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: غَیْ۔۔۔کو کہتے ہیں۔

(الف) پہاڑ کی غار (ب) وادی (ج) جہنم کی خوفناک وادی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: اللہ پاک کے ذکر سے منہ پھیرنے والوں کو بروز قیامت۔۔۔اٹھایا جائے گا۔

(الف) اندھا (ب) گونگا (ج) بہرہ (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر20: حضرت یحییٰ علیہ السلام۔۔۔علیہ السلام کے بیٹے ہیں۔

(الف) حضرت زکریّا (ب) حضرت عمران (ج) حضرت یعقوب (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: سورۂ مریم میں مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کئے جانے کا انکار کرنے والے مشرکین کو خبر دی گئی ہے کہ ان کا حشر۔۔۔کے ساتھ ہو گا۔
اور انہیں جہنم کے آس پاس گھٹنوں کے بل گرا کر حاضر کیا جائے گا۔

(الف) منافقین (ب) کافروں (ج) شیطانوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر22: نماز نہ پڑھنے والے اور نفسانی خواہشات کے پیچھے چلنے والے جہنم کی خوفناک وادی۔۔۔میں ڈالے جائیں گے۔

(الف) سقر (ب) السعیر (ج) الجحیم (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: حضرت موسیٰ اور حضرت خضر علیہما السلام کی ملاقات۔۔۔ہوئی تھی۔

(الف) دو پہاڑوں کے ملنے کی جگہ (ب) دو نہروں کے ملنے کی جگہ (ج) دو سمندروں کے ملنے کی جگہ (د) دو سمندروں کے جدا ہونے کی جگہ

سوال نمبر24: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے چچا۔۔۔سے بتوں کی پوجا کے بارے میں بحث کی۔

(الف) تارخ (ب) آزر (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں کوئی نہیں

سوال نمبر25: ۔۔۔نے سونے سے ایک بچھڑا بنا کر بنی اسرائیل کو گمراہ کیا۔

(الف) سامری (ب) فرعون (ج) ہامان (د) قارون

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

**سالانہ امتحان2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: عامہ سال اول | پرچہ: دوسرا | مضمون: دراسۃ القرآن

تاریخ: 03-02-2025 | دن: پیر | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: ہمارے چلنے پھرنے کا انداز کیسا ہونا چاہیے؟

سوال نمبر 2: کیا شیطان انسان کا دوست ہے؟

سوال نمبر 3: انسانوں کے بجائے فرشتوں کو نبی بنا کر کیوں نہیں بھیجا گیا؟

سوال نمبر 4: وہ کون سی نماز ہے جو امّت پر فرض نہیں لیکن نبی کریم ﷺ پر فرض تھی؟

سوال نمبر 5: کس نبی علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے 9 نشانیاں عطا فرمائیں؟ کوئی چار تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: سورۂ کہف میں کفار کے کن سوالات کے جوابات دیے گئے ہیں؟

سوال نمبر 7: انسان کو مال و دولت یا کامیابی ملنے پر کیا کرنا چاہیے؟

سوال نمبر 8: فرمائشی معجزات کا مطالبہ کرنے والے کافروں کو کس سورۂ مبارکہ میں جواب دیا گیا ہے؟

سوال نمبر 9: اللہ تعالیٰ کی ملکیت اور بادشاہت کہاں تک ہے؟ سورۂ طٰہٰ کی آیت نمبر 6 میں کیا بیان ہوا ہے؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: کیا قیامت کے دن کفار کے نیک اعمال کی کوئی قدر و قیمت ہو گی؟

سوال نمبر 11: اللہ تعالیٰ نے حضرت زکریا علیہ السلام کو بیٹے کی خوشخبری کے لئے کیا نشانی عطا فرمائی؟

سوال نمبر 12: سورۂ طٰہٰ کا مرکزی مضمون تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: قیامت قائم ہونے کی ایک علامت یہ ہے کہ دیوار ٹوٹ جائے گی۔ یہ کون سی دیوار ہے جو قرب قیامت میں ٹوٹ جائے گی؟

سوال نمبر 14: حج کا اعلان عام کس سورت میں کیا گیا ہے؟

سوال نمبر 15: سورۂ مؤمنون کی ابتداء میں سات خوبیوں والے مؤمنین کو کس چیز کا وارث قرار دیا گیا ہے؟

سوال نمبر 16: سورۂ نور کو سورۂ نور کیوں کہتے ہیں؟

سوال نمبر 17: قریبی رشتہ داروں اور دوستوں کے گھروں میں اجازت لے کر جانے کا ذکر سورۂ طٰہٰ، سورۂ مریم، سورۂ نور میں سے کس سورت میں کیا گیا ہے؟

سوال نمبر 18: "الفرقان" کا معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: "سورۃ الشعراء" کا نام شعراء کیوں رکھا گیا؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: اللہ تعالیٰ جسے ذلیل کرے کیا کوئی اسے عزّت دینے والا ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: سورۂ مؤمنون کی فضیلت میں حدیث پاک تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: (الف) اگر تمام مخلوق اللہ تعالیٰ کے علم و حکمت کے کلمات لکھنا چاہے تو کیا لکھ سکتی ہے؟

(ب) ظالم کی نجات کس چیز میں ہے؟

سوال نمبر 3: کیا کسی جان پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالا جاتا ہے؟

سوال نمبر 4: سورۃ الفرقان کی روشنی میں ایمان والوں کی کوئی دو صفات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: کیا اللہ تعالیٰ کے آخری نبی محمد مصطفیٰ ﷺ کو عام لوگوں کی طرح پکارا جا سکتا ہے؟

سالانہ امتحان2025ء/1446ھ
کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

رول نمبر: ____________

دستخط اُمیدوار: __________

درجہ: عامہ سال اول | پرچہ: تیسرا | مضمون: الفقہ
تاریخ: 04-02-2025 | دن: منگل | کل وقت: 30منٹ | کل نمبر: 25
امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: __________ دستخط مقتش: __________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی
## کثیرالانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1: وضو سے پہلے بسم اللہ پڑھنا۔۔۔ہے۔
(الف) ضروری (ب) مستحب (ج) سنت (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر2: وضو کے لئے اونچی جگہ بیٹھنا۔۔۔ہے۔
(الف) ضروری (ب) مستحب (ج) سنت (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر3: بعض لوگ گلے کا اور ڈھلے ہوئے ہاتھوں کا مسح کرتے ہیں، یہ۔۔۔ہے۔
(الف) ضروری (ب) سنت (ج) سنت نہیں (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر4: آپ باوضو تھے اب شک آنے لگا کہ پتہ نہیں وضو ہے یا نہیں، ایسی صورت میں۔۔۔
(الف) احتیاطاً وضو کرلیجئے (ب) وضو کرنے اور نہ کرنے کا اختیار ہے
(ج) آپ باوضو ہیں (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر5: منہ سے خون نکلا، اب اگر تھوک زرد (پیلا) ہو تو خون پر تھوک غالب مانا جائے گا، لہٰذا وضو۔۔۔اور یہ زرد تھوک۔۔۔ہے۔
(الف) ٹوٹ جائے گا، ناپاک (ب) نہیں ٹوٹے گا، پاک (ج) نہیں ٹوٹے گا، ناپاک (د) ٹوٹ جائے گا، پاک

سوال نمبر6: نیند سے وضو ٹوٹنے کی۔۔۔شرطیں ہیں۔
(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 6

سوال نمبر7: یہ یاد ہے کہ کوئی عضو دھونے سے رہ گیا ہے مگر یہ یاد نہیں کون سا عضو تھا تو۔۔۔دھولیجیے۔
(الف) ظنِّ غالب سے (ب) الٹا ہاتھ (ج) دایاں (سیدھا) پاؤں (د) بایاں (الٹا) پاؤں

سوال نمبر8: بعض لوگ کہتے ہیں کہ خنزیر کا نام لینے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، یہ بات۔۔۔ہے۔
(الف) ثابت (ب) غلط (ج) صحیح (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر9: جہاں تک نرم جگہ ہے یعنی۔۔۔غسل میں ناک دھلنا لازمی ہے اور یہ یوں ہوسکے گا کہ پانی کو سونگھ کر اوپر کھینچیے۔
(الف) سخت ہڈی کے شروع تک (ب) سخت ہڈی کے آخر تک (ج) نرم ہڈی کے شروع تک (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر10: غسل کرنے کے بعد اگر مکروہ وقت نہ ہو تو۔۔۔رکعت نفل ادا کرنا۔۔۔ہے۔
(الف) چار، مستحب (ب) دو، سنت (ج) دو، مستحب (د) چار، سنت

سوال نمبر11: ۔۔۔میں ناک کے بالوں کا دھونا فرض ہے۔
(الف) وضو (ب) غسل (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر12: بدن پر نجاست لگی اور یہ معلوم نہ ہوا کہ کس جگہ لگی ہے تو ایسی صورت میں۔۔۔کرنا مستحب ہے۔
(الف) وضو (ب) غسل (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر13: گناہوں سے توبہ کرنے کے بعد غسل کرنا۔۔۔ہے۔
(الف) ضروری (ب) مستحب (ج) سنت (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر14: بے ہوش ہو جانے سے۔۔۔ٹوٹ جاتا ہے۔

(الف) وضو (ب) غسل (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: ۔۔۔کے لیے غسل کرنا سنت ہے۔

(الف) جمعہ (ب) وقوف عرفات (ج) طواف (د) مجلس میلاد مصطفیٰ ﷺ

سوال نمبر16: ناک کے اندر اگر رینٹھ سوکھ گئی ہے تو اس کا چھڑانا غسل میں۔۔۔ہے۔

(الف) فرض (ب) سنت (ج) مستحب (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر17: ۔۔۔کے لئے غسل کرنا مستحب ہے۔

(الف) وقوف مزدلفہ (ب) وقوف عرفات (ج) طواف (د) الف، ب اور ج تینوں

سوال نمبر18: جس طرح کی ایک کلی غسل کے لئے فرض ہے، اسی طرح کی۔۔۔کلیاں وضو کے لئے سنت ہیں۔

(الف) تین (ب) چار (ج) دو (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: قرآن پاک سب کتابوں کے اوپر رکھئے پھر۔۔۔پھر۔۔۔پھر۔۔۔پھر دیگر اسلامی کتابیں۔

(الف) تفسیر، فقہ، حدیث (ب) فقہ، حدیث، تفسیر (ج) حدیث، تفسیر، فقہ (د) تفسیر، حدیث، فقہ

سوال نمبر20: عرفہ۔۔۔ذوالحجۃالحرام کے دن کو کہتے ہیں۔

(الف) 07 (ب) 08 (ج) 09 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: دودھ پیتے بچے کا دودھ۔۔۔تک پہنچ کر پلٹ آیا تو ناپاک ہے۔

(الف) معدے (ب) سینے (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر22: بال میں گرہ پڑ جائے تو غسل میں اسے کھول کر پانی بہانا۔۔۔ہے۔

(الف) سنت (ب) مستحب (ج) ضروری (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: کھانا پکانے والے کے ناخن میں آٹا، لکھنے والے کے ناخن میں سیاہی کا جِرم رہ گیا اور توجہ نہ رہی تو ایسی صورت میں غسل۔۔۔

(الف) نہیں ہوگا (ب) ہو جائے گا (ج) دوبارہ کرنا بہتر ہے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24: جو ہلتا دانت مسالے سے جمایا گیا یا تار سے باندھا گیا اور تار یا مسالے کے نیچے پانی نہیں پہنچا تو۔۔۔

(الف) غسل نہیں ہوا (ب) پانی پہنچانا ضروری ہے

(ج) پانی پہنچانا ضروری نہیں ہے پانی پہنچانا معاف ہے (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر25: اگر۔۔۔میں نہایا تو تھوڑی دیر اس میں رکنے سے تین بار دھونے کی، دھونے میں ترتیب کی اور غسل سے پہلے وضو کرنے کی سب سنتیں ادا ہو گئیں۔

(الف) بہتے پانی (ب) دریا (ج) نہر (د) الف، ب، ج تینوں

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

KANZUL MADARIS BOARD

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

درجہ: **عامہ سال اول** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **الفقہ**

تاریخ: **04-02-2025** | دن: **منگل** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: اذان کے کلمات میں جو سکتہ ہوتا ہے، اس سکتے کی مقدار تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: تعدیل ارکان کے لئے کتنا ٹھہرنا ہے؟ مقدار تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: "حی علی الفلاح" کا جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: وضو کرتے وقت وہ چیز نہیں پائی گئی جس کے سبب معذور ہے، پھر وضو کے بعد وہ عذر والی چیز پائی گئی تو وضو کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: قرآن پاک کے ترجمے کو چاہے کسی بھی زبان میں ہو بغیر وضو چھونے کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: قرآن پاک کو بے چھوئے دیکھ کر یا زبانی بے وضو پڑھنے کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: کیا ناپاکی (جس پر غسل فرض ہو) کی حالت میں اذان کا جواب دینا جائز ہے؟

سوال نمبر 8: بالٹی سے نہاتے وقت کیا احتیاط کرنی چاہئے؟

سوال نمبر 9: زکام یا آشوب چشم کے مرض کی وجہ سے غسل میں سر نہیں دھویا تھا۔ کیا بعد صحت مکمل غسل کرنا ضروری ہے؟

سوال نمبر 10: جلسہ کسے کہتے ہیں؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: اسلامی بہنیں نماز میں قیام کی حالت میں ہتھیلی کہاں اور کیسے رکھیں گی؟

سوال نمبر 12: نماز کی شرط طہارت میں کیا کیا چیزیں شامل ہیں؟

سوال نمبر 13: "تسمیع" کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 14: مرد کے لئے ستر عورت کہاں سے کہاں تک ہے؟

سوال نمبر 15: کیا نفل نماز میں نفل کی نیّت ضروری ہے؟

سوال نمبر 16: سجدۂ سہو میں نیت کرنا کن کے نزدیک ضروری ہے؟

سوال نمبر 17: نماز کے کوئی چھ فرائض تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: جو شخص تکبیر تحریمہ نہ کہہ سکتا ہو، مثلاً گونگا ہو یا کسی وجہ سے زبان بند ہو گئی ہو تو کیا اس پر تکبیر تحریمہ کہنا لازم ہے؟

سوال نمبر 19: نماز میں کتنی دیر تک قیام کا حکم ہے؟

سوال نمبر 20: ایسا باریک کپڑا جس سے بدن کا وہ حصہ جس کا نماز میں چھپانا فرض ہے نظر آئے یا جلد کا رنگ ظاہر ہو تو نماز کا حکم تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: جب مؤذن دوسری بار "اشهدان محمدارسول الله" کہے تو کیا جواب دینا چاہیے اور اس جواب کے دینے پر کیا خوشخبری ہے؟

سوال نمبر 2: عصر کی نماز کے دوران مکروہ وقت داخل ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 3: رکوع کا ادنیٰ درجہ اور پورا درجہ بیان کیجئے نیز سجدے میں پیشانی جمنے کے کیا معنیٰ ہیں؟

سوال نمبر 4: اللہ تعالیٰ کے آخری نبی حضور ﷺ نے رکوع اور سجود کے درمیان پیٹھ سیدھی نہ کرنے والوں کے لیے کیا وعید ارشاد فرمائی ہے؟

سوال نمبر 5: قعدۂ اخیرہ میں کتنی دیر تک بیٹھنا فرض ہے؟ نیز بتائیے کہ نمازی نے چار رکعت والے فرض میں چوتھی رکعت کے بعد قعدہ نہیں کیا تو کب تک واپس چوتھی رکعت کے قعدہ میں بیٹھ سکتا ہے؟

رول نمبر: ____________

دستخط اُمیدوار: ____________

KANZUL MADARIS BOARD

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عامہ سال اول** | پرچہ: **چوتھا** | مضمون: **الصرف**

تاریخ: **06-02-2025** | دن: **جمعرات** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مقتش: ____________

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: "بَ" (ساتھ) ۔۔۔ ہے۔

(الف) اسم (ب) فعل (ج) حرف (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: "یَغْزِلْنَ" درست صیغے کی پہچان کیجئے۔

(الف) صیغہ واحد مذکر غائب (ب) صیغہ جمع مذکر غائب (ج) صیغہ واحد مؤنث غائب (د) صیغہ جمع مؤنث غائب

سوال نمبر 3: "یَمْنَعُ" (وہ روکتا ہے یا روکے گا) فعلِ ۔۔۔ ہے۔

(الف) ماضی (ب) مضارع (ج) امر (د) نہی

سوال نمبر 4: "رَبَطَ" (اس نے ملایا) فعلِ ۔۔۔ ہے۔

(الف) ماضی (ب) مضارع (ج) امر (د) نہی

سوال نمبر 5: "قَرُبَ" (وہ نزدیک ہوا) فعلِ ۔۔۔ ہے۔

(الف) ماضی (ب) مضارع (ج) امر (د) نہی

سوال نمبر 6: "ضَرَبْنَا" میں "نا" ضمیر ۔۔۔ متصل ہے۔

(الف) مرفوع (ب) منصوب (ج) مجرور (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: "ھو" وہ ضمیر ہے جو محل ۔۔۔ میں واقع ہوتی ہے۔

(الف) رفع (ب) نصب (ج) جر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: "غَضِبْتُنَّ" درست صیغے کی پہچان کیجئے۔

(الف) صیغہ واحد مذکر غائب (ب) صیغہ جمع مذکر غائب (ج) صیغہ جمع مؤنث حاضر (د) صیغہ تثنیہ مؤنث غائب

سوال نمبر 9: "طَهُرَتْ" درست معنی کی نشاندہی کیجئے۔

(الف) پاک ہوا تو ایک مرد (ب) پاک ہوئی تو ایک عورت (ج) پاک ہوا وہ ایک مرد (د) پاک ہوئی وہ ایک عورت

سوال نمبر 10: فعل مضارع میں ۔۔۔ جمع متکلم کے صیغے میں آتا ہے۔

(الف) الف (ب) ک (ج) ب (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: فعل مضارع کے ۔۔۔ صیغوں کے آخر میں نون اعرابی آتا ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 5 (د) 7

سوال نمبر 12: رباعی مزید فیہ کی مثال کی تعیین کیجئے۔

(الف) جَرْدَقَ (ب) سِمْسَارٌ (ج) جَحْمَرِشٌ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 13: "صَومٌ" (روزہ رکھنا) ۔۔۔ کی مثال ہے۔

(الف) صحیح (ب) مہموز (ج) مضاعف (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: حروف اصلیہ اور حروف زائدہ کے اعتبار سے کلمہ کی چھ اقسام ہیں انہی چھ اقسام کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) سہ اقسام (ب) شش اقسام (ج) ہفت اقسام (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: حروف صحیح اور حروف علت کے اعتبار سے کلمے کی سات اقسام ہیں لیکن بعض صرفی ان اقسام کو دَہ یعنی۔۔۔اقسام شمار کرتے ہیں۔

(الف) 4 (ب) 7 (ج) 9 (د) 10

سوال نمبر16: حروف علت کے اعتبار سے فعل کی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: فاعل کی طرف نسبت کے اعتبار سے فعل کی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: مُطَّرِدْ باب کی نشاندہی کیجئے۔

(الف) سمع یسمع (ب) فتح یفتح (ج) کرم یکرم (د) الف،ب،ج تینوں

سوال نمبر19: اعداد میں فاعلٌ کا صیغہ مرتبہ بیان کرنے کے لئے بھی آتا ہے۔مثال کی نشاندہی کیجئے۔

(الف) خَیَّاطٌ (ب) لَبَّانٌ (ج) خَامِسٌ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20: درج ذیل صیغوں میں سے اسم مفعول جمع مذکر کے صیغے کی نشاندہی کیجئے۔

(الف) فَعَلَۃٌ (ب) مفعول (ج) مفعولات (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: مرکبات میں مرتبہ بیان کرنے کے لئے پہلے جزء کو۔۔۔کے وزن پر لاتے ہیں۔

(الف) اسم فاعل (ب) اسم مفعول (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر22: درج ذیل میں سے رباعی مجرد کے باب کی نشاندہی کیجئے۔

(الف) تَفَعْلُلٌ (ب) فَعْلَلَۃٌ (ج) اِفْعِنْلَالٌ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: "مُکْرِمُوْنَ" کا درست ترجمہ۔۔۔ہے۔

(الف) عزت کرنے والی ایک عورت (ب) عزت کرنے والی سب عورتیں

(ج) عزت کرنے والا ایک مرد (د) عزت کرنے والے بہت سے مرد

سوال نمبر24: کل ابواب مستعملہ۔۔۔ہیں۔

(الف) 10 (ب) 20 (ج) 30 (د) 40

سوال نمبر25: غیر ثلاثی مجرد ابواب سے علامت مضارع کو ضمّہ اور ما قبل آخر کو فتحہ دینے سے۔۔۔بنتا ہے۔

(الف) فعل مضارع معروف (ب) فعل مضارع مجہول (ج) فعل امر حاضر معروف (د) فعل امر غائب و متکلم معروف

رول نمبر: ____________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عامہ سال اول** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **الصرف**

تاریخ: **06-02-2025** دن: **جمعرات** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD


## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: كَتَبَ بكرٌ اور شُرِبَ مَاءٌ. دونوں جملوں میں فعل معروف اور فعل مجہول الگ الگ کر کے ان کی نشاندہی کیجیے۔

سوال نمبر 2: کلمہ کسے کہتے ہیں؟ مثال کے ساتھ بیان کیجیے۔ مثال کا ایک نمبر ہے۔

سوال نمبر 3: فعل مضارع کی تعریف مثال کے ساتھ بیان کیجیے۔ مثال کا ایک نمبر ہے۔

سوال نمبر 4: فعل ماضی بعید بنانے کا طریقہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 5: فعل ماضی تمنائی منفی مجہول کی صرف گردان تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 6: فعل نفی تاکید بلن بنانے کا طریقہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 7: مضارع کے پانچ صیغوں کے آخر میں رفع آتا ہے۔ پانچوں صیغوں کے نام تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 8: نون ثقیلہ کا ماقبل حرف کتنے صیغوں میں مضموم ہوتا ہے؟ صیغوں کے نام بھی تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 9: فعل امر غائب و متکلم بنانے کا طریقہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 10: فعل نہی معروف بنانے کا طریقہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 11: اسم تفضیل مؤنث بنانے کا طریقہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 12: اسم آلہ میں تذکیر و تانیث کا فرق ہوتا ہے یا نہیں؟ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 13: فعل تعجب کی صرف گردان تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 14: مصدر میمی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 15: صرف صغیر ثلاثی مجرد صحیح از باب نَصَرَ يَنْصُرُ سے "افعل التفضيل المذكر منه" کے صیغے تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 16: چار اسماء میں ہمزہ قطعیہ ہوتا ہے۔ کوئی تین تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 17: بتائیں کن حروف میں ہمزہ قطعیہ ہوتا ہے؟

سوال نمبر 18: ملحق اور مزید فیہ میں فرق تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 19: تَنَزَّلُ اصل میں تَتَنَزَّلُ تھا۔ تَنَزَّلُ کیسے بنا؟ قاعدہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 20: دُعَاءٌ اصل میں دَعَوَةٌ تھا۔ دُعَاءٌ کیسے بنا؟ قاعدہ تحریر کیجیے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: باب کسے کہتے ہیں؟ مثال کے ساتھ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 2: (الف) ثلاثی مجرد مثال واوی از باب فَتَحَ يَفْتَحُ جیسے وَهَبَ يَهَبُ (عطا کرنا) سے صرف صغیر کے امر، نہی اور ظرف کے صیغے تحریر کیجیے۔

(ب) قَوْلٌ مصدر سے فعل امر حاضر معروف کی صرف گردان تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 3: (الف) أُوْرِيَ اصل میں کیا تھا؟ قاعدہ تحریر کیجیے۔

(ب) دَعَا اور يَخْشىٰ اصل میں دَعَوَ اور يَخْشَيُ تھے۔ دَعَا اور يَخْشىٰ کیسے بنے؟ قاعدہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 4: جَاءٍ اصل میں کیا تھا؟ قاعدہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 5: ثلاثی مجرد ناقص یائی از باب فَتَحَ يَفْتَحُ جیسے سعیٰ یسعیٰ (کوشش کرنا) سے صرف صغیر تحریر کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| **KANZUL MADARIS BOARD** | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل | رول نمبر: ____________ |
| | درجہ: **عامہ سال اول**    پرچہ: **پانچواں**    مضمون: **النحو+اللغة العربية** | |
| | تاریخ: **08-02-2025**    دن: **ہفتہ**    کل وقت: **30 منٹ**    کل نمبر: **25** | دستخط اُمیدوار: ____________ |
| | امتحانی سنٹر: ____________    دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________    دستخط ممتحن: ____________ | |

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: "اَنَا کَاتِبٌ" درج ذیل میں سے ---ہے۔

(الف) جملہ خبریہ (ب) جملہ انشائیہ (ج) مرکب ناقص (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: "دَیْزٌ" درج ذیل میں سے کس کی مثال ہے؟

(الف) مرکب ناقص (ب) موضوع (ج) مہمل (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: فعل کی علامت ---ہے۔

(الف) حرف جر (ب) سوف کا ہونا (ج) گول تاء (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: بَكْرٌ ، مَكَّةُ معرفہ کی اقسام میں سے --- ہیں۔

(الف) اسم ضمیر (ب) معرف باللام (ج) معرف بالنداء (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: درج ذیل میں سے مؤنث سماعی ---ہے۔

(الف) بشریٰ (ب) شمسٌ (ج) دارٌ (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر 6: درج ذیل میں سے جمع سالم ---ہے۔

(الف) مسلمون (ب) زیدون (ج) انہارٌ (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر 7: درج ذیل میں سے اسم جمع ---ہے۔

(الف) قوم (ب) اقلام (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: عربی میں پہلے --- پھر --- آتا ہے۔

(الف) صفت ، مضاف (ب) مضاف ، موصوف (ج) مضاف ، مضاف الیہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: درج ذیل میں سے مؤنث حقیقی کی نشاندہی کریں۔

(الف) وَرَقَةٌ (ب) اِمْرَاَةٌ (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: "اَحْلِفُ بِاللّٰہِ" درج ذیل میں سے --- کی مثال ہے۔

(الف) امر (ب) نہی (ج) استفہام (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: جار مجرور کا مُتعلَّق لفظوں میں موجود نہ ہو تو جار مجرور کو --- کہتے ہیں۔

(الف) ظرف مستقر (ب) ظرف لغو (ج) فعل / شبہ فعل (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: جس اسم کا آخر عامل بدلنے کی وجہ سے نہ بدلے اُسے --- کہتے ہیں۔

(الف) مُعْرَب یا اسم متمکن (ب) مُعْرَب یا اسم غیر متمکن (ج) مبنی یا اسم متمکن (د) مبنی یا اسم غیر متمکن

سوال نمبر 13: ضمیر منصوب منفصل ---ہے۔

(الف) ھو (ب) اِیّاہ (ج) لہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: واحد مذکر حاضر، واحد متکلم اور جمع متکلم میں ضمیر۔۔۔پوشیدہ ہوتی ہے۔

(الف) وجوباً (ب) جوازاً (ج) منصوب (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: "اَیٌّ" اور "اَیَّۃٌ" معرب ہیں مگر جب یہ مضاف ہوں اور ان کا صدرِ صلہ محذوف ہو تو ان کو۔۔۔پڑھنا بھی جائز ہے۔

(الف) معرب (ب) مبنی (ج) مبنی بر ضم (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر16: قبل، بعد، تحت اور فوق اگر مضاف ہوں اور ان کا مضاف الیہ مذکور نہ ہو تو یہ۔۔۔ہوں گے۔

(الف) معرب (ب) مبنی (ج) مبنی علی الضم (د) مبنی علی الفتح

سوال نمبر17: جمع مذکر سالم کی حالت رفعی۔۔۔سے آتی ہے۔

(الف) ضمّہ (ب) واو ساکن ما قبل مضموم (ج) الف (د) ضمہ تقدیری

سوال نمبر18: اسم منقوص کی حالت نصبی کی مثال۔۔۔ہے۔

(الف) جاء القاضیْ (ب) رایتُ القاضیَ (ج) مررت بالقاضیْ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: درج ذیل میں سے حرف جازم۔۔۔ہے۔

(الف) لم (ب) اَنْ (ج) لَنْ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال سوال نمبر20: مامعنیٰ المُمر ضَۃٌ؟

(الف) نرس (ب) بیمار (ج) ڈاکٹرنی (د) لیس منها

سوال نمبر21: مامعنیٰ المدیر؟

(الف) ناظم (ب) گول دائرہ (ج) ادارہ (د) لیس منها

سوال نمبر22: مامعنیٰ المحاسب؟

(الف) اکاؤنٹنٹ (ب) چیکر (ج) نگران (د) لیس منها

سوال نمبر23: مامعنیٰ المتعب؟

(الف) ناراض (ب) تھکا ہوا (ج) اسے سزا دی گئی (د) لیس منها

سوال نمبر24: مامعنیٰ "گروپ" فی اللغة العربیة؟

(الف) المجموعةُ (ب) مجتمع (ج) جم (د) لیس منها

سوال نمبر25: مامعنیٰ "ڈرائیور" فی اللغة العربیة؟

(الف) قائد (ب) سائق (ج) طیار (د) لیس منها

رول نمبر: ____________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عامہ سال اول** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **النحو+اللغة العربية**

تاریخ: **08-02-2025** دن: ہفتہ کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: اسم موصول کی تعریف اور مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: مؤنث لفظی کی تعریف اور مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: جمع کثرت کی تعریف اور مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: حروف شرط کتنے اور کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 5: کن کن اسماء میں اعراب تقدیری ہوتا ہے اور کن کن حالتوں میں؟

سوال نمبر 6: وہ مضارع جس کے آخر میں نون اعرابی ہو اس کی حالت رفعی، نصبی اور جری تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: حرف مشبہ بالفعل (انّ) کے ہمزہ کو فتحہ اور کسرہ کے ساتھ پڑھنے کی ایک ایک صورت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: فعل ناقص کی خبر اس کے اسم سے پہلے یا خود فعل ناقص سے پہلے آ سکتی ہے؟ مثال کے ساتھ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: کن صورتوں میں ما اور لا مشابہ بلیس عمل نہیں کرتے؟

سوال نمبر 10: مفعول لہ سے پہلے حرف جر لانا کب واجب ہے؟

سوال نمبر 11: مستثنیٰ مفرّغ کسے کہتے ہیں؟ مثال بھی دیجئے۔

سوال نمبر 12: "اريد بطانية" ترجم الى الاردية۔

سوال نمبر 13: "بدأتُ--- الرابعة" املأالفراغ بكلمة مناسبة.

سوال نمبر 14: "انتهت--- الثانيةُ" املأالفراغ بكلمة مناسبة.

سوال نمبر 15: "اَدْرُسُ---" املأالفراغ بكلمة مناسبة.

سوال نمبر 16: اين المدير الآن؟اجب فى اللغةِالعربية.

سوال نمبر 17: من فى المكتب؟ اجب فى اللغةِالعربية.

سوال نمبر 18: اين تاكل؟ اجب فى اللغةِالعربية.

سوال نمبر 19: "احتاج الى جاروف"ترجم الى الاردية.

سوال نمبر 20: "عندى ممسحة" ترجم الى الاردية.

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: اسم فاعل کے عمل کی شرائط تحریر کیجئے، نیز یہ بتائیے کہ جب اسم فاعل پر الف لام ہو تو اس کے عمل کی کیا شرط ہے؟

سوال نمبر 2: (الف) کیا فعل تعجب اور متعجب منہ کے درمیان کوئی چیز آ سکتی ہے؟

(ب) حروف تحضیض میں سے کوئی تین تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: الف لام غیر زائدہ کی اقسام کے صرف نام تحریر کیجئے اور ہر ایک کی مثال دیجئے۔

سوال نمبر 4: اكتب خمسة أسماءالمأكولات وخمسةاسماءالمشروبات.

سوال نمبر 5: استخدم خمس كلمات تالية فى جمل مفيدة.

(1) سيارةالأجرة (2) الطائرة (3) الأسرة

(4) شقة (5) محطةالقطار (6) جزار